سوال

(655) ٹیڑھی مانگ اور انگریزی حجامت کا شرعی حکم

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

ٹیڑھی مانگ اور انگریزی حجامت (جسے بودکہتے ہیں) کا شرعی حکم ارشاد فرمائیں۔ (ابوعبدالرحمن۔ کراچی) (۲جون ۲۰۰۰ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعليكم السلام ورحمة الله وبركاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ٹیڑھی مانگ اور انگریزی حجامت سے لازماً احتراز ہونا چاہیے کیونکہ یہ غیر مسلموں کا شعار ہے۔ نبیﷺ کا ارشادِ گرامی ہے:

’مَن تَشَبَّهَ بِقَومٍ فَهُوَ مِنهُم۔‘ (سنن أبي داود، بابٌ فِي لُبسِ الشُّهرَةِ، رقم: ۴۰۳۱)

’’جو شخص کسی قوم کی مشابہت کرے گا وہ انہی میں سے ہوگا۔‘‘

حدیث ہذا کی تشریح کے لیے ملاحظہ ہو۔ فتاویٰ اہل حدیث (۳/۳۳۸تا۳۴۴)۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب اللباس: صفحہ: 479

محدث فتویٰ